سوال

(207) مسجد کی موجودگی میں گھر یا دفتر میں مرد کا باجماعت فرض نماز ادا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مسجد کی موجودگی میں گھر یا دفتر میں مرد کا باجماعت فرض ادا کرنا درست ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اصلاً کوشش ہونی چاہیئے کہ نماز باجماعت مسجد میں ادا ہو، بہ اَمر مجبوری باجماعت دفتر میں پڑھ لی جائے تو اس کا بھی جواز ہے، نیز اضطراری حالت میں اکیلا بھی پڑھ سکتا ہے اور بلا عذر گھر میں نماز نہیں پڑھنی چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب المساجد : صفحہ: 198

محدث فتویٰ